Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۸ ذی قعدہ ۱۳۵۳ھ مطابق ۲۳ فروری ۱۹۳۵ء

حصۂ اول

احکام جلائل ہمایون اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	تقرر مسٹر آر. ایس. ساگن بعہدہ ریونیو و فنانس منسٹر	۲	(۴)	منظوری رخصت میجر سلیمخان اسسٹنٹ آئی جنرل	۳
(۲)	منظوری استعفاء جناب ملٹری سکریٹری انبہا۔	"	(۵)	رخصت کپتان عمر شاہخاں سکنڈان کمانڈر سٹاف بریگیڈ	"
(۳)	منظوری تعلق رخصت نمبروار بیلی سپراز ہاؤس ہولڈ ڈپارٹمنٹ	۳	(۶)	عطائے اجازت چارم جناب کرنل آر سی منسٹر بہادر	"

آرڈرزان اسٹیٹ کونسل رامپور

(۷)	برقراری سلسلہ ملازمت سید اظہر علی اہلمد زراعت۔	۴	(۱۰)	معافیت تحریک ضمانۂ تا ختم سال رواں	۵
(۸)	مستقلی باضافہ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ صاحب پولیس۔	"	(۱۱)	منظوری تقرر احسان محمد خاں صاحب چیرمین بعہدہ اسپیشل افسر تحت قانون تنظیم فروری ہیلتھ (متفرق آرڈرزان اسٹیٹ کونسل)	"
۹	منظوری ترمیم ضمن (۳) قاعدہ (۱۴) قواعد فشکر۔	"			

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم

روبکار:- واقع ۱۹ر فروری ۱۹۳۵ء

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم)

مسٹر آر ایس سالمن کی خدمات یو۔ پی۔ گورنمنٹ سے فی الحال ایک سال کے واسطے مستعار حاصل کی گئی ہیں

مسٹر سالمن کو بشرائط ذیل "ریونیو" اور فائنانس منسٹر مقرر کیا جاتا ہے۔ ۲۲ر فروری ۱۹۳۵ء سے وہ اپنے عہدہ کا چارج لیں گے۔

شرائط

(۱) ۳۱ر اکتوبر ۱۹۳۵ء تک ایک ہزار آٹھ سو پچاس روپے ماہوار تنخواہ وہ ریاست سے پائیں گے۔ (اسمیں اور سیز الاؤنس شامل ہے) یکم نومبر ۱۹۳۵ء سے اون کی تنخواہ میں ترقی ہوکر ایک ہزار نو سو روپیہ ماہوار تنخواہ ملیگی۔

(۲) حق رخصت وپنشن خزانہ ریاست سے گورنمنٹ کو بھیجا جائے گا۔

(۳) مکان مع فرنیچر رہائش کے لئے دیا جائے گا۔

(۴) جب تک گورنمنٹ ہند میں پانچ فی صدی کٹ تنخواہ میں جاری رہے۔ اسوقت تک صاحب ریونیو وفائنانس منسٹر بہادر بخوشی اپنی تنخواہ سے اس قدر ریاست کے خزانہ کو ادا کریں گے۔

(۵) موٹر کار سواری کے لئے دی جائے گی اور مصارف مینٹنال سے مجرا ہوں گے۔

(۶) ٹریولنگ الاؤنس بموجب قواعد ریاست ملے گا اور رخصت بموجب ضابطہ اپنے اصل رول سے ملے گی۔

(۷) سال میں ایک مرتبہ چند ہفتہ کے لئے پہاڑ پر رہ کر کام کرنے کی اجازت ہوگی۔ اور پہاڑ پر مکان کا کرایہ ریاست سے دیا جائے گا۔

(۸) میڈیکل خدمات آن کی، اور آن کی فیملی کی منجانب ریاست ہوں گی۔

صاحب ریونیو اور فائنانس منسٹر بہادر رکن اسٹیٹ کونسل ہوں گے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

روبکار:- واقع ۱۹ر فروری ۱۹۳۵ء

صاحب آرمی منسٹر بہادر نے لفٹننٹ کرنل عبدالکریم خان صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کا استعفا پیش کیا ہے۔ جو منسلک روبکار ہذا ہے۔ استعفا منظور ہے عہدہ "ملٹری سکریٹری" تخفیف کیا جاتا ہے۔

صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر اس عہدہ کی خدمات بھی انجام دیں گے۔ جو صیغہ جات "ملٹری سکریٹری" کے براہ راست متعلق تھے۔ اون کی بابتہ صاحب چیف منسٹر بہادر وصاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر باہم مشورہ کرکے رپورٹ پیش کریں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں

روبکار:۔ واقع ۱۹ ر فروری ۱۹۳۵ء

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم)

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ صاحب چیف منسٹر بہادر کی رپورٹ منظور ہے۔ ایڈی سیز کی رخصت اور ڈیوٹی وغیرہ کا تعلق ہاؤس ہولڈ ڈپارٹمنٹ سے اور تنخواہ کا تعلق محکمہ فوج سے رہے گا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حکم:۔ واقع ۱۴ ر فروری ۱۹۳۵ء

بر بنائے پیشی و تصدیق یادداشت صاحب آرمی منسٹر بہادر باستدعائے منظوری رخصت چار یوم اتفاقیہ من ابتدائے ۴ ر مارچ ۱۹۳۵ء لغایتہ ۷ ر مارچ ۱۹۳۵ء میجر اسد علیخاں اسٹاف افسر آرمی ہیڈ کوارٹر۔

حکم

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ حسب سفارش صاحب آرمی منسٹر بہادر میجر اسد علیخاں اسٹاف افسر کی رخصت اتفاقیہ چار روز ۴ ر لغایت ۷ ر مارچ ۱۹۳۵ء منظور ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم)

روبکار:۔ واقع ۱۲ ر فروری ۱۹۳۵ء

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ حسب استدعائے صاحب آرمی منسٹر بہادر کپتان عمران شاہ خاں سیکنڈ ان کمانڈ رامپور رضا انفنٹری کی رخصت اتفاقیہ و تسلیم تاریخ استفادہ سے منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی ہیڈ کوارٹر سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

روبکار:۔ واقع ۲۰ ر فروری ۱۹۳۵ء

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ صاحب آرمی منسٹر بہادر کو ۲۷ ر فروری لغایت ۲ ر مارچ ۱۹۳۵ء چار روز کی اجازت دیجاتی ہے۔ ان ایام میں اُن کے متعلقہ کاغذات براہ راست اجلاس ہمایوں میں پیش کئے جائیں۔ مابدولت و اقبال احکام صادر فرمائیں گے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم)

آرڈرز ان اسٹیٹ کونسل رامپور

آرڈر ان اسٹیٹ کونسل واقع ۱۹ فروری ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی اجلاس منعقدہ ۱۸ فروری ۱۹۳۵ء میں کاغذات برقراری سلسلہ ملازمت سید اظہر علی اہلمد دل پیش ہو کر طے پایا کہ:-

نامبردہ کے سلسلہ ملازمت کی برقراری منظور ہے مگر زمانہ بیکاری کی تنخواہ نہیں ملیگی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر ان اسٹیٹ کونسل۔ واقع ۱۹ فروری ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی اجلاس منعقدہ ۱۸ فروری ۱۹۳۵ء میں کاغذات مستقلی ملازمت باضافہ تیس روپیہ ماہانہ در تنخواہ منشی فرحت علی خانصاحب ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس پیش ہو کر طے پایا کہ:-

منشی فرحت علی خانصاحب ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس کو تاریخ ختم مدت امتحانی سے بجائے تیس روپیہ ماہانہ الاؤنس مستقل کیا جائے تاریخ محولہ سے وہ ایک سو پچاس روپیہ ماہانہ تنخواہ اور تیس روپیہ ماہانہ الاؤنس پائینگے رقم الاؤنس کی گنجائش موجودہ بجٹ متعلقہ سے نکالی جائے اور یہ رقم بطور تنخواہ بجٹ سال آئندہ میں بھی شامل کی جائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر ان اسٹیٹ کونسل۔ واقع ۱۹ فروری ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی اجلاس منعقدہ ۱۸ فروری ۱۹۳۵ء میں تجویز ترمیم ضمن (۳) قاعدہ (۱۴) قواعد نیشکر مضمون قواعد انگریزی کی پیش ہو کر طے پایا کہ:-

بجائے ترمیم منظور شدہ اجلاس اسٹیٹ کونسل منعقدہ ۱۸ جنوری ۱۹۳۵ء مطبوعہ گزٹ ۲ فروری ۱۹۳۵ء کے ترمیم مجوزہ بصراحت تحت منظور کیجاتی ہے

سابقہ	حال
۱۴- (۳) کوئی عدالت کسی جرم تحت قواعد ہٰذا کی سماعت نہ کرے گی بجز جبکہ کسی جرم کا ارتکاب کارخانہ نیشکر کے متعلق سرزد ہوا ہو اور اس جرم کے متعلق استغاثہ تاریخ ارتکاب جرم سے چھ ماہ کے اندر اور اسی موسم میں نیشکر کے پیلنے کی تاریخ سے تین ماہ کے اندر دائر کردیا جائے۔	۱۴- (۳) کوئی عدالت تحت قواعد ہٰذا کسی جرم کی سماعت اس وقت تک نہ کریگی جبتک کہ اس جرم کا استغاثہ تاریخ وقوع جرم سے چھ ماہ کے اندر اور اس موسم میں جس میں ارتکاب جرم ہوا ہو کارخانہ متعلق کے نیشکر کے پیلنے کی آخری تاریخ سے تین ماہ کے اندر دائر کردیا گیا ہو۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

ارڈور ان- اسٹیٹ کونسل
واقع ۱۹ فروری ۱۹۳۵ء

سال رواں کے ختم ہونے میں کم مدت باقی ہے۔ اکثر صیغہ جات
ے گنجایش بجٹ کا حوالہ دیکر ملازمان کے اضافہ تنخواہ کی تحریک
ہ مسلسل برابر جاری ہے جسمیں بجٹ سال آیندہ کے بار کو
نظر انداز کر دیا گیا ہے۔ چونکہ ملازمان کے نظام جدید کی اسکیم
زیر غور ہے اور بجٹ سال آیندہ کا زمانہ بھی قریب ہے لہذا
ٹیٹ کونسل کے غیر معمولی اجلاس منعقدہ ۱۸ فروری ۱۹۳۵ء
میں طے پایا کہ :-
جملہ منسٹر صاحبان بہادر کو توجہ دلائی جائے کہ تا ختم سال رواں
ضافہ تنخواہ کے بارہ میں سفارش نہ فرمائیں اور خاص صورتوں
میں اضافہ [illegible] کا مسئلہ وقت ترتیب بجٹ سال آیندہ طے فرمائیں۔

حکم ہوا کہ

ریشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل
رج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

ارڈور ان- اسٹیٹ کونسل
واقع ۱۹ فروری ۱۹۳۵ء

سٹیٹ کونسل کے غیر معمولی اجلاس منعقدہ ۱۸ فروری
۱۹۳۵ء میں بتجویز ڈیولپمینٹ منسٹر صاحب بہادر بابت منظوری
قرر احسان محمد خاں صاحب ایم۔ اے پی ایچ ڈی چیرمین
یونسپل بورڈ بحیثیت اسپیشل افسر تحت قانون تنظیم (ضروری) اجتماع
ش ہوئی۔
شرائط تقرر حسب ذیل ہیں۔
۔ احسان محمد خاں صاحب پورے وقت کے ملازم ریاست
تصور نہ ہونگے۔ اور عہدۂ چیرمینی کے فرائض بدستور انجام
دیتے رہینگے۔
ور انہیں زمانہ کارکردگی میں چارسو پچاس روپیہ ماہانہ الاؤنس

(۳۰ دن) کے حساب سے معاوضہ ڈیولپمینٹ فنڈ سے
دیا جائے گا۔
۳- یہ معاوضہ تعداد ایام کارکردگی کی بنا پر ہوگا یعنی جتنے
دن کام کریں گے۔ اتنے ہی دنوں کا معاوضہ ہوگا۔
۴- یہ انتظام ۳۰ اپریل ۱۹۳۵ء تک رہیگا۔ بجز اس صورت
کے کہ مدت میں مزید توسیع ہو جائے یا فریقین تین دن کا
نوٹس دے کر اس انتظام کو فسخ کردیں۔
۵- اس انتظام کے سلسلہ میں انہیں ایک موٹر کار مع ڈرائیور
ریاست سے دیجائے اور پٹرول کے واقعی مصارف بھی دیئے
جائیں جو زیادہ سے زیادہ ایک روپیہ تیرہ آنہ یومیہ ہونگے
طے پایا کہ :-
شرائط مفصلۂ بالا پر احسان محمد خاں صاحب چیرمین میونسپل بورڈ
کا تقرر بطور اسپیشل افسر منظور ہے۔ صاحب اگزیکیٹو افسر میونسپلٹی
حسب الضرورت اسپیشل افسر صاحب کو اپنی موٹر دیدیا کریں۔ مہینے
میں جتنے دن وہ کام کرینگے تعداد ایام کارکردگی کے لحاظ سے
بحساب ان کا حصہ ماہانہ (۳۰ دن) معاوضہ پائینگے۔
اور ایک روپیہ تیرہ آنہ یومیہ تک واقعی مصارف پٹرول
دلائے جائیں گے۔ یہ کل مصارف ڈیولپمینٹ فنڈ سے
ادا ہوں گے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور ایک ایک
نقل صاحب ڈیولپمینٹ منسٹر بہادر چیرمین صاحب میونسپل بورڈ
صاحب اگزیکیٹو افسر میونسپلٹی اور صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
کی خدمت میں بھیجی جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر ان اسٹیٹ کونسل۔ واقع ۱۹ فروری ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی اجلاس منعقدہ ۱۸ فروری ۱۹۳۵ء میں کاغذات بابتہ منظوری شرائط ڈپوٹیشن وغیرہ متعلق جگن سنگھ ہیڈ کانسٹبل یو پی پولیس باشندہ ضلع مظفر نگر جنکی خدمات یو پی پولیس سے لائن پولیس کی صوبہ داری کے لئے ۲ اکتوبر ۱۹۳۴ء سے چھ ماہ کے واسطے حاصل کی گئی ہیں پیش ہو کر طے پایا کہ:-

نامبردہ کا تقرر بعہدہ صوبہ داری لائن پولیس ۲ اکتوبر ۱۹۳۴ء سے برائے چھ ماہ منفصلہ ذیل شرائط پر منظور کیا جاتا ہے

۱۔ نامبردہ کی اصل تنخواہ چھتیس روپیہ ماہانہ ہوگی۔ اور بیس روپیہ فیصدی زائد دیجائینگے۔

۲۔ رخصت و پنشن کی ادائگی مطابق فنڈامینٹل رول ریاست سے ہوگی۔ رخصت کی منظوری بموجب قاعدہ یو پی پولیس ہوگی۔

۳۔ ٹریولنگ الاونس مطابق احکام ریاست دیا جائیگا۔

۴۔ جوائننگ ٹائم کی تنخواہ اس حساب سے ملیگی جس کا وہ مستحق ہے یعنی پیشتر اور جوائننگ ٹائم کا وقت وہ ہوگا جو حقیقتاً صرف ہوا ہو۔

۵۔ رہائش کا انتظام سرکار سے ہوگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر۔ ان۔ اسٹیٹ کونسل۔ واقع ۱۹ فروری ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی اجلاس منعقدہ ۱۸ فروری ۱۹۳۵ء میں کاغذات برقراری سلسلہ ملازمت حامد علیخاں پنشکار خانگی آفس پیش ہو کر طے پایا کہ:-

نامبردہ کا ۵ ۱۹۳۵ء تا دسمبر ۱۹۳۴ء میں کل دو ماہ و سات یوم سلسلہ ملازمت منقطع رہا ہے جس کا قائم کیا جانا منظور ہے ایام علیحدگی کی تنخواہ نہیں دلائی جائیگی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر۔ ان۔ اسٹیٹ۔ کونسل واقع ۱۹ فروری ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی اجلاس منعقدہ ۱۸ فروری ۱۹۳۵ء میں کاغذات اضافہ الاونس چار روپیہ ماہانہ متعلق محمد حنیف خاں اہلکار تعلیم ہوم آفس پیش ہو کر طے پایا کہ:-

نامبردہ کا چار روپیہ ماہانہ الاونس برائے دو ماہ از یکم مارچ ۱۹۳۵ء تا ۳۰ اپریل ۱۹۳۵ء بجٹ سررشتہ انسپکٹری کی گنجائش سے منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر۔ ان۔ اسٹیٹ کونسل۔ واقع ۱۹ فروری ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی اجلاس منعقدہ ۱۸ فروری ۱۹۳۵ء میں کاغذات قائمی سلسلہ ملازمت سید محمود حسن اہلمد فرحت صاحب چیف منسٹر بہادر پیش ہو کر طے پایا کہ:-

نامبردہ کا یکم دسمبر ۱۹۳۴ء سے سلسلہ ملازمت برقرار رکھا جاتا ہے۔ ایام بیکاری کی تنخواہ نہیں دلائی جائیگی۔ (حکم ہوا کہ)

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل